11708- عورت کے لیے اذان سن کر پھر نماز ادا کرنی افضل ہے

سوال

جب نماز کا وقت ہونے کے بعد موذن اذان کہے اور میں اس وقت نماز ادا کر رہی ہوں تو کیا میرے لیے انتظار کرنا افضل ہے، یا کہ نماز کے وقت میں نماز ادا کرنا ؟

پسندیدہ جواب

نماز کے لیے وقت شروع ہونا نماز کی شروط میں شامل ہے، اور اسی لیے وقت شروع ہونے سے قبل ادا کی گئی نماز صحیح نہیں ہو گی، نماز کے لیے وقت کی شرط کی دلیل درج ذیل فرمان باری تعالی ہے :

{یقیناً مومنوں پر نماز وقت مقررہ پر فرض کی گئی ہے} النساء (103).

اور اذان تو صرف نماز کا وقت شروع ہونے کی علامت ہے، اور اگر موذن وقت وقت کا التزام کرتا ہے، تو پھر آپ کو چاہیے کہ آپ اذان سن کر نماز ادا کریں، لیکن اگر موذن اذان دیر سے کہتا ہے، یعنی نماز کا وقت ہونے کے کچھ مدت بعد کہتا ہے، تو پھر آپ نماز کا وقت شروع ہونے کا یقین کر کے نماز ادا کر سکتی ہیں.

اور عورتوں کے لیے اول وقت سے نماز میں تاخیر کرنی بھی جائز ہے. اھ.